ہماری اس تجویز پر سنجیدگی سے غور کرکے عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرے گی۔

جس کسی نے بھی یہ بات کہی ہے صحیح اور سچ کہی ہے کہ بعض دفعہ کوئی شکل بھی خیر بن کر آتی ہے۔ جب کانگریس نے دیوگوڑا حکومت سے اپنی حمایت واپس لینے کا خیال و اعلان ظاہر کیا تو پریشانیوں اور مشکلات کے بادل ہندوستانی سیاست پر چھا گئے۔ اور سیکولر خیال کے لوگ وان کی جماعتیں تو عجیب سے کشمکش میں ہو گئیں کہ کیا کریں اور کیا نہ کریں۔ کیونکہ پارلیمنٹ میں کانگریس کی حمایت کے بغیر سیکولر پارٹیاں اپنی حکومت کسی بھی طرح نہیں بنا سکتی ہیں اور دوسری صورت میں یا تو معلوم و معروف فرقہ پرست جماعت کی حکومت بن سکتی تھی یا پھر ملک میں دوبارہ انتخابات ہوتے جس سے ملک کی معیشت بری طرح متاثر ہوتی، ہندوستانی عوام مہنگائی کے مار کے بوجھ تلے دب کر ہی رہ جاتے۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ بہت جلد یہ مشکل ٹل گئی اور کانگریس کو ہوش آیا سمجھ آئی اور اس نے اپنی حمایت صرف ایک آدمی جناب دیوگوڑا سے واپس لی تھی جماعتوں سے نہیں۔ جس کی وجہ سے بڑی تلاش و جستجو کے بعد جناب آئی کے گجرال وزیر اعظم کی حیثیت سے ملک کو نصیب ہو گئے کانگریس نے متحدہ محاذ کو اپنی حمایت دیدی اور جناب آئی کے گجرال ہندوستان کے وزیر اعظم منتخب ہو گئے یہ بڑی خوشی کی بات ہے۔ دیوگوڑا جی یقیناً اچھے ایماندار شخص ہیں ان کی دس ماہ کی حکومت نے ان کی یہ خوبی ملک والوں پر ظاہر کر دی تھی انھوں نے ملک کی قیادت بھی بڑی قابلیت سے کی مگر ان کے سیکولر کردار سے ملک والے زیادہ واقفیت نہیں رکھتے تھے بیشک وہ سیکولر کردار کے مالک

تھے لیکن اس بارے میں ملک کے بیشتر عوام کچھ جانتے ہی نہ ہوں تو پھر اس کا تذکرہ ہی بیکار ہے جناب آئی کے گجرال کے سیکولر کردار سے نہ صرف اندرون ملک سبھی عوام کو جانکاری ہے بلکہ بیرونِ ملک میں بھی ان کے اسی سیکولر کردار کی خوب دھوم مچی ہوئی ہے اور یہ ہندوستان کی بہت بڑی خوش نصیبی ہے کہ ہندوستان کا وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے بعد ایک ایسا شخص ہوا ہے جو علم و قابلیت میں تو ہے ہی بے نظیر صاف ستھرے عمل و کردار سیکولر قدروں پر پورا کھرا اترا ہوا ہے۔ ملک کی تمام اقلیتیں ان کے وزیر اعظم کا حلف لیتے ہی خوشی و مسرت سے جھوم گئیں، اردو والے تو انھیں بڑے عرصے سے جانتے ہیں بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ عرصہ دراز سے ان کے نام کی قصیدہ خوانی کرتے ہی آرہے ہیں کیونکہ انہوں نے ہندوستان میں اُردو زبان کی زبوں حالی کی طرف ارباب اقتدار کو توجہ دلائی اور ان کے سامنے اردو زبان کی فلاح و بہبودگی کے لئے ٹھوس و مفید اور جامع تجاویز و پروگرام ایک رپورٹ کی شکل میں المعروف گجرال رپورٹ، پیش کرکے اپنی نیکی و انسانیت، شرافت اور تعصب سے پاک شخصیت کا تعارف کرایا ہوا ہے۔ خدا سے دعاء ہے کہ وہ ملک و قوم کی خدمت کے لئے سالہا سال تک وزیر اعظم بنے رہیں ان کو صحت و سلامتی نصیب ہو۔